FEDERAL OMBUDSMAN

# نیوز بلیٹن

اپریل تا جون 2024

شمارہ: 25




استنبول میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 25ویں اجلاس کے موقع پر گروپ فوٹو (28.6.2024)

## ترکی میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

### انتظامی امور میں بہتری لانے کے لئے ایک دوسرے سے تجربات کا تبادلہ ضروری ہے، اعجاز احمد قریشی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں محتسب کے اداروں کے قیام کا مقصد بنیادی حقوق کا تحفظ اور گڈ گورننس کا قیام ہے، انتظامی امور کی بہتری کے لئے ایک دوسرے سے محتسبین کے تجربات کا تبادلہ ضروری ہے۔وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس سے صدارتی خطاب کے دوران کیا۔ایشین امبڈسمین ایسوی ایشن (اے او اے) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا سالانہ اجلاس 28 جون 2024ء کو ترکی کے دارالحکومت استنبول میں منعقد ہوا، جس میں اے او اے کے صدر اور پاکستان کے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفد کے ہمراہ شرکت کی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں آذربائیجان، ہانگ کانگ، ایران، جاپان، کوریا، پاکستان، تاتارستان اور ترکی کے محتسبین نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ اے او اے ایشیاء کے محتسبین کی ایک تنظیم ہے جس کے ارکان کی تعداد 47 ہے اور یہ دنیا کی دو تہائی آبادی کی نمائندگی کرتی ہے۔ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے صدر اور وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محتسب کے اداروں کی اہمیت، ان کے ذریعے گڈ گورننس کے قیام اور عام آدمی کو انصاف کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ محتسب کے ادارے گڈ گورننس کے قیام کے ذریعے عام آدمی کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں محتسب (Ombudsman) کے اداروں کے قیام کا مقصد بنیادی حقوق کا تحفظ وحصول اور زندگی کے تمام شعبوں میں گڈ گورننس کا قیام ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کے تجربات اور اٹھائے گئے اقدامات کے تبادلے سے تمام اسٹیک ہولڈرز مستفید ہو سکتے ہیں۔ محتسب کے اداروں کے تجربات آپس میں شیئر کرنے سے بدانتظامی اور بیوروکریٹک رکاوٹوں کے خاتمے کے ساتھ ساتھ ادارے بھی مضبوط ہوں گے۔وفاقی محتسب نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے پاکستان پر اعتماد کا اظہار کیا اور محتسب کے اداروں کو مربوط ومضبوط کرنے اور گڈ گورننس کے قیام کے لئے اپنے عزم کا اظہار کیا۔بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں تنظیم کی جاری سرگرمیوں اور مستقبل کے اہداف کے بارے میں بھی غور وخوض کیا گیا۔اجلاس میں کہا گیا کہ عام آدمی کا معیار زندگی بہتر ہونے سے ان مقاصد کی تکمیل ہوتی ہے جن کے لئے یہ ادارے قائم کئے گئے ہیں۔



ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے تحت ویبینار سے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اور سینیٹر مشاہد حسین سید نے خطاب کیا (15.5.24)

### ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے تحت عوامی آگاہی کے بارے میں ویبینار

# عوامی آگاہی محتسب کے ادارے کی افادیت اور کارکردگی کے اضافے میں موثر کردار ادا کرتی ہے


## عوام کو گھر کی دہلیز پر انصاف پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں، اعجاز احمد قریشی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پندرہ مئی 2024ء کو ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کے تحت محتسب کے اداروں کے بارے میں عوامی آگاہی کے حوالے سے ایک ویبینار کا افتتاح کیا۔ اے او اے ایشیاء میں 47 ممبران پر مشتمل محتسبین کی ایک غیر سیاسی اور اس شعبے کے ماہرین پر مشتمل تنظیم ہے، جس کا مستقل سیکرٹیریٹ، وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں واقع ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی جو اے او اے کے موجودہ صدر بھی ہیں، نے ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ مسلسل اس کوشش میں ہے کہ عوام الناس کو انتظامی انصاف ان کے گھر کی دہلیز پر پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وسیع تر عوامی آگاہی محتسب کے کامیاب اداروں کی کلید ہے۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کی شکایات کے فوری ازالے کے لئے محتسب کے اداروں کے بارے میں ایک بھر پور، توانا اور مربوط آگاہی مہم چلائی جا رہی ہے۔ وفاقی محتسب نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کی جانب سے تمام رکن ممالک پر زور دیا گیا ہے کہ وہ متعلقہ حصہ داروں (اسٹیک ہولڈرز) کے تعاون سے محتسب کے اداروں کے بارے میں آگاہی کے لئے قومی سطح پر ایسے اقدامات اٹھائیں جن سے عام آدمی مستفید ہو سکے۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے پیشہ ورانہ نقطہ ءنظر سے عوامی آگاہی میں اضافے کے مختلف طریقوں نیز سرکاری اداروں کی انتظامی زیادتیوں اور بدانتظامیوں کے شکار عوام کی فوری دادرسی کے حوالے سے ایک بھر پور اور مفید لیکچر دیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے مزید دفاتر کا قیام اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا استعمال عوامی آگہی میں اضافے کے لئے بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے میڈیا اور صحافی برادری پر زور دیا کہ وہ محتسبین کے پیغام اور مقاصد کو عام آدمی تک پہنچانے کے لئے اپنا بھر پور کردار ادا کرے تا کہ عوام الناس میں اپنے حقوق و فرائض کے بارے میں آگاہی پیدا کی جا سکے۔

ویبینار میں آذر بائیجان، بینن، چین، ہانگ کانگ، انڈونیشیا، ایران، مراکش، تتارستان، تھائی لینڈ اور ترکی کے علاوہ پاکستان کے صوبائی اور وفاقی محتسبین نیز علاقائی دفاتر کے نمائندوں کی کثیر تعداد نے آن لائن شرکت کی۔

> **میڈیا، محتسبین کے پیغام اور مقاصد**
> **کو عوام الناس تک پہنچانے کے لئے**
> **اپنا کردار ادا کرے**

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام



اب جب کہ سال رواں کی دوسری سہ ماہی ختم ہو رہی ہے، آیئے ہم گزشتہ کارکردگی کو سامنے رکھتے ہوئے مستقبل کے لئے راہیں متعین کریں۔ کامیابی ایک سفر ہوتا ہے نہ کہ منزل چنانچہ خوب سے خوب تر کی تلاش جاری رہنی چاہیئے اور ہمیں کسی بھی مرحلے پر آسودہ خاطر ہو کر بیٹھ نہیں جانا چاہیئے۔ اس سال کی دوسری سہ ماہی میں شکایات کی تعداد گزشتہ سال کے اس عرصے میں آنے والی شکایات کی نسبت 14 فیصد زیادہ ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس ادارے کی کارکردگی اور عملداری کے بارے میں عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے، اس اعتماد کو ہر قیمت پر برقرار رکھا جانا چاہیئے۔ وفاقی محتسب کی یہ کامیابی ہیڈ آفس اور علاقائی دفاتر میں میرے قابل احترام ساتھیوں کی شاندار شراکت، کام سے لگن اور غیر معمولی محنت کا ثمر ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اپنے رفقاء کار کی لگن، اخلاص اور کاوشوں کے باعث یہ ادارہ مسلسل ترقی کرتا چلا جائے گا۔ دوسرے اہم اقدامات کے ساتھ ساتھ ہماری توجہ کا مرکز و محور محتسب کے اصل مقاصد، مینڈیٹ اور ادارے کے معیار کو بہتر بنانے اور برسوں سے حاصل ہونے والی کامیابیوں کو نظام کے اندر ضم اور نظام کو مربوط کرنے پر ہونی چاہیئے تاکہ آنے والے دنوں میں ان کے تسلسل کو یقینی بنایا جا سکے۔ عوامی آگاہی ہماری اولین ترجیح ہے جو کہ ایک مسلسل عمل ہے اور مقصد کو حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔

ہمارا اصل مقصد عوام الناس کو سستا اور فوری انصاف فراہم کرنا ہے۔ اپنے اہداف کے حصول کے لئے ہمارے پاس موجودہ سال کی تمام سرگرمیوں کا کیلنڈر موجود ہے اور علاقائی دفاتر کے ساتھ رابطے سے ان اہداف کا حصول یقینی بنایا جا رہا ہے۔ علاقائی دفاتر کی اہمیت اس لئے بھی زیادہ ہے کہ شکایات کی بہت بڑی تعداد علاقائی دفاتر کے ذریعے نمٹائی جا رہی ہے۔ یہ امر بہت ضروری ہے کہ شکایات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے ساتھ ساتھ ہماری کارکردگی اور معیار میں ہم آہنگی ہو۔ عوام الناس کو وفاقی محتسب کے ادارے سے انصاف کے فوری حصول اور اس کی عملداری کے حوالے سے بہت زیادہ توقعات ہیں چنانچہ، ہمیں ان کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے اپنی کوششیں دوچند کرنا ہوں گی اور پہلے سے زیادہ محنت اور دلجمعی کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔ میں دعا گو ہوں کہ ہم سب ان اعلیٰ مقاصد میں کامیاب ہوں۔

## وفاقی محتسب کی مداخلت سے بیوہ کو واجبات ادا کر دیئے گئے

وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ملتان میں ایک بیوہ نے درخواست دائر کی کہ اس کے خاوند کا 2013ء میں انتقال ہو گیا تھا لیکن گیارہ سال گزرنے کے باوجود اسے پنشن اور دیگر واجبات ادا نہیں کئے گئے۔ علاقائی دفتر کے سینئر انوسٹی گیشن آفیسر نے یہ معاملہ فوری طور پر اے جی پی آر کے ساتھ اٹھایا، سماعت کے دوران محکمہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے بیوہ کو جلد واجبات ادا کئے جائیں۔ وفاقی محتسب کی مداخلت سے اے جی پی آر نے گیارہ سال بعد بیوہ کو ایک کروڑ 87 لاکھ روپے پنشن اور دیگر واجبات کی مد میں ادا کر دیئے ہیں، جس پر بیوہ نے وفاقی محتسب اور علاقائی دفتر کے افسران کا شکریہ ادا کیا ہے۔

☆☆☆

برائے رابطہ:
ایڈوائزر (میڈیا): 051-9217259
کنسلٹنٹ (میڈیا): 051-9217232
ای میل: pro2w.mohtasib@gmail.com



وفاق محتسب اعجاز احمد قریشی، چیف سیکریٹری سندھ کے دفتر میں جیل اصلاحات کے بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں (23 مئی 2024ء)

# کم آمدنی والے طبقے کی شکایات ترجیحی بنیادوں پر حل کی جائیں، وفاقی محتسب

## قیدیوں کو لواحقین سے زوم کے ذریعے ملاقات کی سہولت فراہم کرنے کا طریقہ کار وضع کیا جائے ۔ اعجاز احمد قریشی

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے 23 مئی 2024ء کو علاقائی دفتر کراچی کا دورہ کیا اور اس موقع پر ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں علاقائی دفتر کے افسران کے علاوہ وفاقی اداروں کے علاقائی سربراہان نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے وفاقی اداروں کے سربراہان سے کہا کہ وہ اپنے دفاتر میں ایسے عوام دوست رویے اپنائیں جن سے عام آدمی کے مسائل جلد حل ہوں اور انہیں وفاقی محکموں سے کم سے کم شکایات ہوں۔ انہوں نے اپنے انوسٹی گیشن افسران کو ہدایت کی کہ کم آمدن والے ایسے شکایت کنندگان جو وکلاء کے ذریعے عدالتوں میں جانے کی سکت نہیں رکھتے، ان کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کریں۔ انہوں نے علاقائی دفتر کے افسران سے کہا کہ وہ ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں خود جا کر عوامی شکایات کو مختصر ترین وقت میں نمٹائیں اور فیصلوں پر عملدرآمد پر خصوصی توجہ دیں تاکہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کا اعتماد بحال رہے۔ وفاقی محتسب نے اجلاس کے بعد اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ برس ایک لاکھ 93 ہزار 28 شکایات کے فیصلے کئے گئے جبکہ رواں سال کے دوران اب تک 76 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے کئے جا چکے ہیں۔ اگلے روز وفاقی محتسب نے چیف سیکرٹری سندھ کے دفتر میں جیلوں کی اصلاح کے بارے میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کی ہدایات کی روشنی میں تمام صوبوں میں جیل اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے، صوبہ سندھ کی جیلوں میں قیدیوں کو مزید سہولیات فراہم کرنے کے لئے متعدد اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جیل اصلاحات پر عملدرآمد کی 16 رپورٹیں سپریم کورٹ کو پیش کی جا چکی ہیں جب کہ 17 ویں رپورٹ بھی جلد پیش کر دی جائے گی۔ صوبے کی اکثر جیلوں میں بائیومیٹرک سسٹم نصب ہے جس سے قیدیوں کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رہتا ہے اور اسے عدالتوں کے ساتھ بھی منسلک کیا گیا ہے۔ وفاقی محتسب نے قیدیوں کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے صوبے کی تمام جیلوں میں ڈاکٹروں کی تعیناتی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ قیدیوں کے عزیز و اقارب کو موبائل فون اور زوم کے ذریعے ملاقات کی سہولت فراہم کرنے کا طریقہ کار وضع کیا جائے۔ چیف سیکرٹری آفس میں جیل اصلاحات کے بارے میں بریفنگ کے دوران وفاقی محتسب کو بتایا گیا کہ وفاقی محتسب کی کمیٹی کی سفارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے بائیومیٹرک سسٹم کو نادرا، پولیس اور پروسیکوشن سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ منسلک کرنے کی تجاویز پر عملدرآمد شروع ہو چکا ہے۔ ٹھٹھہ، شہید بے نظیر آباد اور ملیر کراچی میں نئی جیلوں کی تعمیر کے منصوبوں پر کام جاری ہے، جب کہ تھرپارکر، عمر کوٹ اور کشمور میں جیلوں کے قیام کے لئے جگہ مختص کر دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں صوبے کی جیلوں میں پینے کے صاف پانی، واش رومز، کھیلوں کے کمرے، تعلیم، صحت، ویٹنگ ایریاز اور دیگر بنیادی ضروریات کی اشیاء فراہم کی جا رہی ہیں۔ عورتوں، بچوں اور ٹرانسجنڈرز کے لئے کچھ اہم جیلوں میں الگ کمروں کا انتظام کیا گیا ہے جب کہ باقی جیلوں میں بھی یہ انتظام کیا جا رہا ہے۔

# وفاقی محتسب کے افسران کی راولپنڈی، چکوال اور جنڈ میں کھلی کچہریاں



وفاقی محتسب کے افسران اسسٹنٹ کمشنر جنڈ ضلع اٹک کے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں (30.05.2024)

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب اسلام آباد کے افسران نے 29 اور 30 مئی کو راولپنڈی، چکوال اور جنڈ میں کھلی کچہریاں لگائیں۔ سینئر ایڈوائزر، انسپکشنز نے 29 مئی کو سپرنٹنڈنٹ انجینئر آئیسکو سٹی سرکل کے دفتر میں، ایڈوائزر وفاقی محتسب نے 30 مئی کو اسسٹنٹ کمشنر جنڈ کے دفتر میں جبکہ ڈائریکٹر جنرل وفاقی محتسب نے 29 مئی کو ڈپٹی کمشنر چکوال کے دفتر میں کھلی کچہریاں لگا کر شکایات سنیں، جن میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران بھی موجود تھے۔ وفاقی محتسب کے افسران نے شکایات سن کر ان کے ازالے کے لئے متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ہدایات دیں۔ واضح رہے کہ یہ کھلی کچہریاں عوام کو وفاقی محتسب کی طرف سے ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے پروگرام Outreach Complaint Resolution(OCR) کا حصہ ہیں۔ 30 مئی کو اسسٹنٹ کمشنر جنڈ کے دفتر میں کھلی کچہری لگائی گئی جہاں متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ انہوں نے گیس کے کنکشن کے لئے 2018ء میں ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ گیس اور بجلی کنکشن کے حصول کے لئے مقامی اہلکاروں کی طرف سے رشوت کی ڈیمانڈ کے بارے میں بھی متعدد درخواست گزاروں نے شکایات کیں جس پر ایڈوائزر وفاقی محتسب نے متعلقہ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے جنڈ ضلع اٹک میں آئیسکو اور نادرا کے دفاتر کے اچانک دورے بھی کئے اور وہاں موجود کسٹمرز کی شکایات سن کر متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کیں۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ڈائریکٹر جنرل نے 29 مئی کو ڈسٹرکٹ کونسل ہال چکوال میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں، کھلی کچہری کے دوران ڈسٹرکٹ کونسل ہال شکایت کنندگان سے بھرا ہوا تھا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے بجلی، نادرا اور پاسپورٹ آفس کے دفاتر کے اچانک دورے بھی کئے اور وہاں موجود کسٹمرز کی شکایات سن کر متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے کھلی کچہری کے بعد ڈپٹی کمشنر چکوال اور ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن چکوال کے علاوہ پریس کلب چکوال کے صدر اور میڈیا کے نمائندوں سے ملاقاتیں بھی کیں۔



وفاقی محتسب کے افسران چکوال میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں۔ 30.05.2024

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں کے دورہ جات

## ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس کا دورہ

# ای ٹی او کو ون ونڈو ڈیسک کے قیام اور آگاہی مہم چلانے کی ہدایات




وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس اسلام آباد کا دورہ کر رہی ہے (25.04.2024)

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ڈائریکٹوریٹ آف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے خلاف بدانتظامی کی شکایات کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم تشکیل دی جس نے 25 اپریل کو ڈائریکٹوریٹ آف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اسلام آباد کا دورہ کیا۔معائنہ ٹیم نے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس (ای ٹی او) اسلام آباد کے دورہ کے دوران عوام الناس کو درپیش مشکلات اور ای ٹی او کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا، وہاں موجود افراد کی شکایات سنیں اور ای ٹی او انتظامیہ سے ملاقات کر کے ان کی شکایات کے ازالے کے بارے میں ہدایات دیں، ٹیم نے ای ٹی او آفس میں ون ونڈو ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کی تا کہ عوام کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام سہولیات میسر ہوں۔وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ گاڑیوں کی رجسٹریشن، ٹرانسفر، ٹوکن اور ٹیکس وغیرہ سے متعلق تمام سہولیات آن لائن دستیاب ہیں۔ای ٹی او کی ٹیم صرف 1900 روپے فیس کی ادائیگی پر یہ تمام سہولیات گھر کی دہلیز پر بھی فراہم کر رہی ہے۔علاوہ ازیں روزانہ چار بجے کے بعد مختلف پارکوں اور پبلک مقامات پر ای ٹی او آفس کی موبائل ٹیمیں موقع پر بھی یہ سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔وفاقی محتسب نے ان سہولیات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس بارے میں آگاہی مہم چلانے کی بھی ہدایت کی تا کہ عام لوگ ان سہولیات سے مزید فائدہ اٹھا سکیں۔ٹیم سے گفتگو کے دوران رجسٹریشن کے لئے آئے ہوئے بعض افراد نے بتایا کہ ایجنٹ مافیا ان سے 200 روپے فی رجسٹریشن فارم لے لیتا ہے جب کہ ایک فوٹو کاپی کے پچاس روپے وصول کئے جا رہے ہیں حالانکہ رجسٹریشن فارم مفت ہے اور فوٹو کاپی کا سرکاری ریٹ پانچ اور دس روپے مقرر ہے۔ٹیم نے انتظامیہ کو ان شکایات کے ازالے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گاڑیوں کی رجسٹریشن، ٹرانسفر، ٹوکن اور ٹیکس وغیرہ سے متعلق تمام ہدایات جلی حروف میں اردو اور انگلش میں بورڈوں پر لکھ کر نمایاں جگہ آویزاں کی جائیں نیز آن لائن اور گھر میں آ کر رجسٹریشن کی سہولیات کے بارے میں بھی بورڈ نمایاں انداز میں لگائے جائیں اور اس بارے میں آگاہی مہم چلائی جائے۔

## فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کا دورہ

# زیر تکمیل منصوبوں کا ٹائم فریم دینے کی ہدایت



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کا دورہ( 22.5.2024 )

22 مئی 2024ء کو وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (ایف جی ای ایچ اے) کا دورہ کر کے اتھارٹی کے زیر تکمیل منصوبوں کی تازہ ترین صورت حال معلوم کی نیز گزشتہ دورہ کے دوران اتھارٹی کو دی گئی ہدایات اور سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔معائنہ ٹیم کو اتھارٹی کی انتظامیہ کی طرف سے دی گئی بریفنگ کے دوران جاری منصوبوں کی تفصیلات اور بعض مشکلات کے بارے میں بتایا گیا۔ٹیم نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ خواتین، ساٹھ سال سے زائد عمر کے بزرگ شہریوں اور معذور افراد کے لئے الگ سے کاؤنٹر بنائے جائیں۔ٹیم نے موقع پر موجود کسٹمرز سے بھی ان کے مسائل کے بارے میں دریافت کیا لیکن سب نے اتھارٹی کی سروسز کی تعریف کرتے ہوئے بتایا کہ ان کا کوئی مسئلہ نہیں، یہاں ہر مرحلے پر انتظامیہ انہیں اچھے انداز میں ڈیل کر رہی ہے۔ٹیم نے اتھارٹی کی انتظامیہ کو زیر تکمیل منصوبوں کے مکمل ہونے کا ٹائم فریم دینے کی ہدایت کی۔

## اسلام آباد ٹریفک پولیس آفس کا دورہ

# آن لائن اور گھر سے ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید کی سہولت مفید اقدامات ہیں، وفاقی محتسب



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم اسلام آباد ٹریفک پولیس کے دفتر کا معائنہ کر رہی ہے۔ (06.05.2024)

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے 06 مئی 2024ء کو اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) کا دورہ کر کے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور آئی ٹی پی کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ ٹیم نے دورہ کے دوران وہاں موجود افراد کی شکایات سنیں اور آئی ٹی پی انتظامیہ کو ان کے ازالے کے لئے موقع پر ہدایات دیں۔ ٹیم نے آئی ٹی پی آفس میں ون ونڈو ڈیسک قائم کرنے کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی تاکہ عوام کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام سہولیات میسر ہوں نیز ٹریفک پولیس کو ہدایت کی کہ وہ بھاری گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کو انتہائی بائیں لین میں رکھنے کا میکنزم بنائے۔ ٹیم نے آئی ٹی پی آفس میں کسٹمرز کے بیٹھنے، دھوپ سے بچاؤ اور ٹھنڈے پانی کا بندوبست کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء اور اس کی تجدید سے متعلق تمام سہولیات آن لائن بھی دستیاب ہیں۔ آئی ٹی پی کی ٹیم یہ تمام سہولیات گھر کی دہلیز پر بھی فراہم کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں تعلیمی اداروں اور پبلک مقامات پر آئی ٹی پی کی موبائل ٹیمیں موقع پر بھی یہ سہولیات فراہم کرتی ہیں۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایس ایس پی محمد سرفراز ورک نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ اسلام آباد کی آبادی چوبیس لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ سال 2023ء کے آخر تک گاڑیوں کی تعداد 19,86,810 تک پہنچ گئی ہے۔ مذکورہ بالا سہولیات کی فراہمی کے لئے ٹریفک عملے میں خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔ ہم اپنی مدد آپ کے تحت فیض آباد میں آئی ٹی پی کا نیا دفتر بنا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2021ء میں 22,081,450 روپے کا ریونیو سرکاری خزانے میں جمع کرایا گیا جو سال 2023ء میں 294,444,400 روپے ہوگیا۔ وفاقی محتسب نے آئی ٹی پی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی تاکہ عام لوگ ان سہولیات سے مزید فائدہ اٹھا سکیں۔

## پروٹیکٹر یٹ آف ایمیگرینٹس آفس راولپنڈی کا دورہ

### خواتین اور بزرگ شہریوں کے لئے الگ کاؤنٹر بنانے اور انشورنس فارم کمپیوٹرائزڈ کرنے کی ہدایت

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پروٹیکٹر یٹ آف ایمیگرینٹس کے خلاف بدانتظامی کی شکایات کا از خود نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم تشکیل دی جس نے 12 جون 2024ء کو پروٹیکٹر یٹ آف ایمیگرینٹس آفس راولپنڈی کا دورہ کر کے وہاں موجود سینکڑوں کسٹمرز کی شکایات سنیں اور انتظامیہ کو موقع پر ہی ہدایات دیں۔ وفاقی محتسب کی ٹیم وہاں پہنچی تو دفتر میں بے پناہ رش تھا، خواتین کے بیٹھنے کے لئے الگ جگہ نہ تھی۔ فیس جمع کرنے کے لئے نیشنل بینک میں پانچ کاؤنٹر بنے ہوئے تھے لیکن صرف ایک کاؤنٹر پر بینک کا ملازم فیس وصول کر رہا تھا۔ اسٹیٹ لائف انشورنس کے کاؤنٹر پر دو ملازمین ہر کسٹمر کا فارم ہاتھ سے پر کر رہے تھے جس کی وجہ سے تاخیر ہو رہی تھی۔ ٹیم نے نیشنل بینک کے پانچوں کاؤنٹرز فنکشنل کرنے اور انشورنس فارم کمپیوٹرائزڈ کرنے کی ہدایت کی کیونکہ کسٹمرز کا زیادہ وقت ان دونوں کاؤنٹرز پر لگ رہا تھا۔ میانوالی سے آئے چھ شکایت کنندگان نے ٹیم کو بتایا کہ وہ پہلے لاہور گئے، وہاں سے راولپنڈی بھیجا گیا اور اب راولپنڈی والے واپس لاہور بھجوا رہے ہیں۔ فیصل آباد سے آئے ایک کسٹمر نے بتایا کہ اسے رات سڑک پر گزارنا پڑی۔ وفاقی محتسب کی ٹیم کی ہدایت پر ان سمیت کئی افراد کی فوری پروٹیکٹر کلیئرنس کر دی گئی۔ انتظامیہ نے بتایا کہ انہوں نے ایجنٹ مافیا کا دفتر میں داخلہ منع کر رکھا ہے، اگر کوئی نظر آجائے تو اسے پولیس کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔ ٹیم نے پروٹیکٹر یٹ آف ایمیگرینٹس آفس کو خواتین اور بزرگ شہریوں کے لئے الگ کاؤنٹر بنانے، ملک بھر میں انٹرنیٹ کے ذریعے آن لائن فارم پر کرنے کی سہولت فراہم کرنے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے کاؤنٹر کو کمپیوٹرائزڈ کرنے، نیشنل بینک میں پانچوں کاؤنٹرز کو آپریشنل کرنے اور ملک بھر کے تمام علاقائی دفاتر میں (Protector Stamp) لگانے کی ہدایت کی تاکہ پاکستان کا کوئی بھی شہری کسی بھی پروٹیکٹر آف ایمیگرینٹس آفس کے دفتر جائے تو اسے علاقائی دفاتر کے چکر لگوانے کی بجائے اسی جگہ پروٹیکٹر کلیئرنس کی سہولت فراہم کی جائے۔

# وفاقی محتسب کے اہم فیصلے



آڈٹ کمپنی کے مالک چوہدری احمد حبیب وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں چیک وصول کر رہے ہیں (13.06.2024)

## وفاقی محتسب کی مداخلت پر آئیسکو نے ایک آڈٹ کمپنی کو 45 لاکھ 18 ہزار 620 روپے ادا کر دیئے

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت سے آئیسکو نے ایک آڈٹ کمپنی کو تین سال بعد 45 لاکھ 18 ہزار 620 روپے کا چیک دے دیا ہے جس پر کمپنی نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا کہ اگر یہ ادارہ نہ ہوتا تو نہ جانے آئیسکو کب تک ان کو چکر لگواتی رہتی۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے حسین چوہدری اینڈ کمپنی نامی ایک پرائیویٹ آڈٹ کمپنی کے ساتھ فروری 2021ء میں آئیسکو کا 2014ء سے 2020ء تک آڈٹ کرنے کا معاہدہ کیا۔ کمپنی نے اگست 2021ء میں آڈٹ رپورٹ ایجنسی کو پیش کر دی لیکن کمپنی کو مختلف حیلوں سے ادائیگی میں تاخیر کی جاتی رہی۔ کمپنی نے 30 اکتوبر 2023ء کو وفاقی محتسب سے مداخلت کی درخواست کی۔ وفاقی محتسب میں کیس کی پانچ سماعتوں کے بعد 18 دسمبر 2023ء کو وفاقی محتسب نے کمپنی کو معاہدے کے مطابق ادائیگی کا حکم دے دیا۔وفاقی محتسب کے فیصلے کے بعد بھی ایجنسی مختلف بہانوں سے ٹال مٹول کرتی رہی بالآخر ڈپٹی ایڈوائزر (عملدرآمدونگ) کی کوششوں سے آئیسکو نے شکایت گزار کو 45 لاکھ 18 ہزار 620 روپے کا چیک دے دیا ہے جس پر شکایت گزار کمپنی کے نمائندگان نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔

☆......علاقائی دفتر ایبٹ آباد نے مداخلت کر کے ایک شکایت کنندہ حیدر زمان کو پنشن کے بقایاجات مبلغ-/139,000 روپے دلوادیئے۔

☆......ایک شکایت کنندہ منہاس ہمایوں نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے، جن کی مداخلت سے پانچ ماہ کے بعد اسے پاسپورٹ مل گیا جو 27.12.2023 کو پرنٹ ہو چکا تھا لیکن پاسپورٹ انتظامیہ کی لاپرواہی سے اسے بھیجا نہ گیا۔

☆......راولپنڈی کینٹ کے مظفر اقبال راجہ کا گیس کا میٹر کافی عرصہ سے بلاک تھا، وفاقی محتسب سے رابطہ کرنے پر فوری کارروائی ہوئی اور نیا میٹر لگا دیا گیا، جس پر اس نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ ادارہ بہترین خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ متاثرہ افراد کے لئے وفاقی محتسب کی خدمات لائق تحسین ہیں۔

☆......وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر ملتان میں ایک شکایت کنندہ سکینہ مائی نے درخواست دی کہ اس کے شوہر نے 2014ء میں پچاس ہزار سالانہ کی ادائیگی پر اسٹیٹ لائف سے تین عدد انشورنس پالیسیاں خریدیں۔ 2022ء میں اس کے شوہر کا انتقال ہو گیا مگر اسٹیٹ لائف کے دفتر کے متعدد چکر لگانے کے باوجود اسے ادائیگی نہ ہوئی تو اس نے وفاقی محتسب میں درخواست دے دی، جس کے بعد ملتان میں سینئر انوسٹی گیشن آفیسر نے نوٹس لے کر محکمہ سے جواب طلب کیا۔کیس کی سماعت کے دوران پتہ چلا کہ شکایت کنندہ تمام قانونی تقاضے پورے کر دیئے ہیں لہذا ڈیتھ کلیم روکنے کا کوئی جواز نہیں۔ وفاقی محتسب کے فیصلے کے بعد اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے بیوہ کو 35 لاکھ روپے کا چیک دے دیا ہے، جس پر بیوہ نے وفاقی محتسب اور ان کی ٹیم کا ڈھیروں دعاؤں کے ساتھ شکریہ ادا کیا ہے۔

☆......علاقائی دفتر گوجرانوالہ میں مظفر احمد گھمن نے شکایت کی کہ اس نے 08.06.2009 کو سوئی گیس کے کنکشن کے لئے درخواست دی لیکن محکمہ ٹال مٹول کرتا رہا۔ 2011ء میں اس نے ڈیمانڈ نوٹس کی رقم بھی جمع کروادی لیکن میٹر نہ لگا۔ علاقائی دفتر نے ایجنسی سے رپورٹ طلب کی گئی تو جواب دیا گیا کہ حکومت نے 30.12.2021 کو نئے میٹرز پر پابندی لگا دی تھی جب کہ شکایت کنندہ 2011ء میں ڈیمانڈ نوٹس جمع کروا چکا تھا چنانچہ وفاقی محتسب کے حکم پر تیرہ سال بعد محکمہ نے اسے سوئی گیس کی سہولت دے دی۔

☆......علاقائی دفتر سکھر میں ایک کاروباری شخص عبدالحلیم میمن نے درخواست دی کہ اس نے ٹرانسفارمر کے لئے -/716,000 روپے کا ڈیمانڈ ڈرافٹ سیپکو کو دیا لیکن کافی عرصہ گزر جانے کے باوجود نہ تو ٹرانسفارمر لگایا گیا اور نہ ہی رقم واپس ملی۔ وفاقی محتسب میں درخواست کے بعد علاقائی دفتر کے سید محمود علی شاہ نے فوری نوٹس لیا اور شکایت کنندہ کو سیپکو سے سات لاکھ سولہ ہزار روپے واپس دلوادیئے۔

# آگاہی مہم، کھلی کچہریوں اور او سی آر کی تصویری جھلکیاں



سینئر ایڈوائزر (آئی سی اینڈ میڈیا) وفاقی محتسب کے دورے کے موقع پر اے پی پی کے زیر تربیت طلبہ کو وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے کام کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے (8.5.2024)



سینئر ایڈوائزر وفاقی محتسب نمل یونیورسٹی اسلام آباد میں آگاہی لیکچر دے رہے ہیں۔ (23.05.2024)



علاقائی دفتر پشاور کے ڈپٹی ایڈوائزر اسلامیہ کالج یونیورسٹی میں آگاہی لیکچر دے رہے ہیں (30.04.2024)



علاقائی دفتر سکھر کے کمشنر آئی آر ڈی میونسپل کمیٹی میں وفاقی محکموں کے خلاف عوامی شکایات سن رہے ہیں (4.6.24)



علاقائی دفتر حیدر آباد کے انچارج نے پاکستان ریلوے حیدر آباد اسٹیشن کا معائنہ کیا (27-06-2024)

# آگاہی مہم، کھلی کچہریوں اور او سی آر کی تصویری جھلکیاں



علاقائی دفتر حیدرآباد کے آفیسر 92 نیوز کو وفاقی محتسب کے بارے میں انٹرویو دے رہے ہیں (24.05.2024)




علاقائی دفتر سرگودھا کے انچارج ریڈیو پاکستان کے ایک پروگرام میں شامل ہیں (30.04.2024)



علاقائی دفتر گوجرانوالہ کے آفیسر سیالکوٹ میں عوامی شکایات کی سماعت کرتے ہوئے (24.04.2024)



علاقائی دفتر کوئٹہ کے انوسٹی گیشن آفیسر ایک شکایت گزار کو میرج گرانٹ کا چیک دے رہے ہیں (16.04.2024)



علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے انوسٹی گیشن آفیسر وانا میں شکایات سن رہے ہیں (27.05.2024)



علاقائی دفتر فیصل آباد کے آفیسر ہیوال میں او سی آر شکایات کی سماعت کرتے ہوئے (25.04.2024)



علاقائی دفتر بہاولپور کے آفیسر شکایات سن رہے ہیں (08.05.2024)



علاقائی دفتر ایبٹ آباد کے انچارج پوسٹ آفس کے دورہ کے دوران شکایات سن رہے ہیں (29.04.2024)

# آگاہی مہم، کھلی کچہریوں اور او سی آر کی تصویری جھلکیاں



شکایات سنٹر صدہ کے آفیسر علاقہ کے معززین کے ساتھ وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی مہم کے دوران (20.04.2024)



علاقائی دفتر لاہور کی انویسٹی گیشن آفیسر کوٹ رادھا کشن میں شکایات سن رہی ہیں (16.04.2024)



علاقائی دفتر سوات کے انچارج اپنے دفتر میں شکایات کی سماعت کرتے ہوئے (03.04.2024)



علاقائی دفتر ملتان کے انچارج ڈپٹی کمشنر وہاڑی کے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں (06.05.2024)



علاقائی دفتر فیصل آباد کے ایڈوائزر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سماعت کے دوران (24.04.2024)



علاقائی دفتر سکھر کے انچارج ایک شکایت کنندہ کو چیک دے رہے ہیں (14.05.2024)

## گلگت میں وفاقی محتسب کا شکایات سنٹر قائم کر دیا گیا


وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر گلگت میں بھی وفاقی محتسب کا شکایات سنٹر قائم کر دیا گیا ہے جہاں گلگت اور قرب و جوار کے شکایت کنندگان اپنی شکایات داخل کر سکیں گے۔ عنقریب اس دفتر کو وفاقی محتسب کے باقاعدہ علاقائی دفتر میں تبدیل کر دیا جائے گا۔


گلگت میں رابطہ نمبر: 9703311 312 92+




علاقائی دفتر ملتان کے انچارج ملتان ائیر پورٹ کے دورہ کے موقع پر (25.5.2024)

# وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کے خلاف
# وفاقی محتسب سے شکایت کریں











وفاقی حکومت کے اداروں جیسے بجلی، سوئی گیس، نادرا، پاکستان ریلوے، پاکستان پوسٹ آفس، بیت المال، پاسپورٹ آفس، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اور دیگر وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف اگر آپ کی کوئی شکایت ہے تو آپ وفاقی محتسب سے رجوع کر کے گھر بیٹھے انصاف حاصل کر سکتے ہیں

وفاقی محتسب میں وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایت کرنے کا طریقہ بڑا سادہ اور آسان ہے، کوئی بھی شہری بذریعہ خط، ای میل، ویب سائٹ، موبائل ایپ یا اپنے قریبی مرکزی/علاقائی دفتر آ کر شکایت درج کرا سکتا ہے

## وفاقی محتسب میں شکایت کی نہ کوئی فیس ہے، نہ کسی وکیل کی ضرورت

## وفاقی محتسب میں ہر شکایت کا فیصلہ ساٹھ دن میں کر دیا جاتا ہے

نوٹ: دفاع، امور خارجہ، عدالتوں میں زیر سماعت اور سرکاری اداروں میں ملازمت سے متعلق امور ہمارے دائرہ اختیار میں نہیں آتے۔ ہمارے دائرہ اختیار کے بارے میں مزید جاننے کے لئے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں

/WafaqiMohtasibSecretariatOfficial
ombuds.registrar@gmail.com
/c/WafaqiMohtasibSecretariat
/wafaqimohtasib
www.mohtasib.gov.pk
/store/apps/details?id=com.pk.gov.wafaqimohtasib

ہیلپ لائن: 1055
بچوں کی شکایات کیلئے: 1056

36- شاہراہ دستور، بالمقابل سپریم کورٹ آف پاکستان، G-5/2، اسلام آباد
فون نمبر: 92-51-9213886-7 فیکس نمبر: 92-51-9217224

## وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر

### علاقائی دفتر، لاہور
3rd,15A فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ، ڈیوس روڈ، لاہور
فون نمبر: (92)42-99201017-18
فیکس نمبر: (92)42-99201021
ای میل: ombuds.wmsrol@gmail.com

### علاقائی دفتر، کراچی
4-B، فیڈرل گورنمنٹ سیکریٹریٹ، صدر، کراچی
فون نمبر: (92)21-9920115
فیکس نمبر: (92)21-99202121
ای میل: ombuds.wmsrok@gmail.com

### علاقائی دفتر، پشاور
1st فلور، بنوویلنٹ فنڈ بلڈنگ، پشاور کینٹ، پشاور
فون نمبر: (92)91-9211570
فیکس نمبر: (92)91-9211571
ای میل: ombuds.wmsrop@gmail.com

### علاقائی دفتر، خضدار
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ
کمشنر آفس، خضدار
فون: 0300-2681375

### علاقائی دفتر، کوئٹہ
سول ڈیفنس بلڈنگ، سمنگلی روڈ، کوئٹہ۔
فون نمبر: (92)81-9202679
فیکس نمبر: (92)81-9202691
ای میل: ombuds.wmsroq@gmail.com

### علاقائی دفتر، سکھر
مکان نمبر A-107، نزد نادرا آفس، سندھی کواپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، ائرپورٹ روڈ، سکھر
فون نمبر: (92)71-9310884
فیکس نمبر: (92)71-9310012
ای میل: ombuds.wmsros@gmail.com

### علاقائی دفتر، ملتان
مکان نمبر C-15، وحدت کالونی، ملتان
فون نمبر: (92)61-9330026
فیکس نمبر: (92)61-9330027
ای میل: ombuds.wmsrom@gmail.com

### علاقائی دفتر، بہاولپور
مکان نمبر C-32، کیپٹن محمد سرور شہید روڈ، ماڈل ٹاؤن-A، بہاولپور
فون نمبر: (92)62-9255613
فیکس نمبر: (92)62-9255614
ای میل: ombuds.wmsrob@gmail.com

### علاقائی دفتر، فیصل آباد
بلڈنگ نمبر P-21، نیوسول لائن نزد ٹوٹل پٹرول پمپ، جیل روڈ، فیصل آباد
فون نمبر: (92)41-9201055
فیکس نمبر: (92)41-9201021
ای میل: ombuds.wmsrof@gmail.com

### علاقائی دفتر، ڈیرہ اسماعیل خان
پلاٹ نمبر 1، سروے نمبر 79، قائداعظم روڈ نزد جی پی او چوک کینٹ، ڈیرہ اسماعیل خان
فون نمبر: (92)966-9280164
فیکس نمبر: (92)966-9280256
ای میل: ombuds.wmsrod@gmail.com

### علاقائی دفتر، حیدرآباد
اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 03، 6th فلور، ٹھنڈی سڑک، حیدرآباد
فون نمبر: (92)22-9201601
فیکس نمبر: (92)22-9201600
ای میل ایڈریس: ombuds.wmsroh@gmail.com

### علاقائی دفتر، گوجرانوالہ
144-145، 1st فلور، ممتاز مارکیٹ، نزد نادرا ایگزیکٹو آفس جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ
فون نمبر: (92)55-9330616
فیکس نمبر: (92)55-9330636
ای میل: ombuds.wmsrog@gmail.com

### علاقائی دفتر، ایبٹ آباد
کمرہ نمبر 6، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سیکریٹریٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر: (92)992-9310538
فیکس نمبر: (92)992-9310549
ای میل ایڈریس: ombuds.wmsroa@gmail.com

### علاقائی دفتر، میرپورخاص
شجاع آباد، تالوکہ کمپلیکس ڈگری روڈ نزد مکھن سموں، میرپورخاص، سندھ
فون: 021-3407171

### علاقائی دفتر، خاران
ریجنل آفس کوئٹہ روڈ، خاران
فون نمبر: (92)847-510305
فیکس نمبر: (92)847-510305

### علاقائی دفتر، سرگودھا
آفس آف صوبائی محتسب پنجاب
پی اے ایف روڈ نزد سرکٹ ہاؤس سرگودھا
فون نمبر: (92)48-9330155
فیکس نمبر: (92)48-9330156

### علاقائی دفتر، سوات
نزد اللہ اکبر مسجد سیدو شریف، سوات
فون: (92)0946-920052
فیکس: (92)0946-920051

### شکایات سنٹر گلگت بلتستان
سوشل ویلفیئر ڈائریکٹوریٹ، نزد شہزادہ مارکیٹ جوٹیال گلگت
فون نمبر: 0312-9703311

### شکایات سنٹر، وانا
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، شکایات سنٹر اسسٹنٹ کمشنر آفس، وانا جنوبی وزیرستان
فون: 0965-211046

### شکایات سنٹر، صدہ
وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، شکایات سنٹر اسسٹنٹ کمشنر آفس، صدہ، ضلع کرم
فون: 0333-9108025

### شکایات سنٹر، سبی
ڈپٹی کمشنر آفس
سبی، بلوچستان
فون: 0332-7919990

### شکایات سنٹر، لورالائی
صوبائی محتسب آفس، ڈی سی کمپلیکس، لورالائی